REFLECTIONS

نمونہ جانچ برائے داخلہ

مضمون: اردو جماعت سوم

نام:	تاریخ:
کل وقت: ۳۰ منٹ	کل نشانات: ۲۰/

سوال ا۔عبارت پڑھ کر جواب لکھیے۔ (/۱۰)

ہمارے مُلک میں چھوٹے بڑے، رنگ برنگے پرندے پائے جاتے ہیں۔ کسی کی آواز سُریلی ہے، کسی کی سخت۔ کُچھ پرندے آسمان میں بہت اُونچائی تک اُڑ سکتے ہیں جیسے چیل، عقاب اور کبوتر وغیرہ۔ کچھ پرندے معمولی اونچائی تک اُڑتے ہیں جیسے توتا اور مینا۔ لیکن زیادہ تر پرندے زمین پر ہی رہتے ہیں۔ کچھ پرندے پانی میں بڑے مزے سے تیرتے ہیں جیسے بطخ اور مُرغابی۔ لوگ توتا اور مینا شوق سے پالتے ہیں۔ فاختہ کو امن کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔ لوگ مرغے اور مرغیاں بھی گھروں میں پالتے ہیں۔ مُرغا صبح سویرے بانگ دیتا ہے اور ہمیں جگاتا ہے۔ پرندے ہمارے لیے بہت فائدہ مند ہیں۔ ذرا سوچیے، ان خوبصورت پرندوں کے بغیر دنیا کیسی لگتی۔ پرندے ہمارے ماحول کو خوشگوار بناتے ہیں۔ اگر پرندے نہ ہوتے تو شاید دنیا ایسی حسین اور خوبصورت نہ ہوتی۔ لہٰذا ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم پرندوں کی حفاظت کریں۔

ا۔ ہمارے مُلک میں کس قسم کے پرندے پائے جاتے ہیں؟ (/۲)

____

____

۲۔ اُونچائی پر اُڑنے والے دو پرندوں کے نام لکھیے۔ (/۲)

____

____

۳۔ کن پرندوں کو لوگ شوق سے پالتے ہیں؟ (/۲)

____

____

۴۔ آپ کے خیال میں اگر پرندے نہ ہوتے تو دُنیا کیسی ہوتی؟ (/۲)

____

____

SAMPLE PAPER

۵۔ جملے بنائیے۔ (/۲)

شوق ______________________________

زمین ______________________________

سوال ۲۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے ”درخت“ کے عنوان پر پیراگراف لکھیے۔ (/۱۰)



بڑا	پھل	سایہ	ہرے پتے	ٹھنڈی ہوا	گھونسلہ	نعمت

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

نمبروں کی تقسیم

مواد	املا	قواعد	ترتیب	خوشخطی	کُل نمبر
۴	۲	۲	۱	۱	۱۰

SAMPLE PAPER